منصوبہ تحقیق

باب اول میں الروض الانف اور اس کے مصنف کو بیان کیا گیا ہے اور یہ تین فصول پر مشتمل ہے۔ فصل اول میں امام سہیلی کی حیات و خدمات کی وضاحت کی۔ فصل دوم میں امام سہیلی کی علمی خدمات کی وضاحت ہے۔ فصل سوم میں الروض الانف کا تعارف بیان کیا گیا ہے۔

باب دوم میں الروض الانف کے دلائل و براہین کا جائزہ لیا گیا ہے۔ یہ تین فصول پر مشتمل ہے۔ فصل اول الروض الانف کے دلائل و براہین کے معیار کو بیان کرے گی۔ فصل دوم میں احادیث کی استنادی حیثیت کو بیان کیا گیا ہے۔ فصل سوم الروض الانف کے اصول و قواعد بسلسلہ اخذ روایت پر مشتمل ہے۔

باب سوم الروض الانف میں احادیث نبویہ سے استشہاد کے اسلوب سے متعلق ہے اور یہ چار فصول پر مشتمل ہے۔ فصل اول میں فقہی مباحث کا بیان ہے۔ فصل دوم لغوی مباحث کا اور فصل سوم میں تاریخی واقعات کے بیان ہیں اور فصل چہارم متفرقات کی وضاحت کرتی ہے۔

مقالے کی تیاری میں جی سی یونیورسٹی لاہور کے اصول تحقیق کے قواعد و ضوابط کو مدنظر رکھا گیا ہے۔